Maulana Azad National Urdu University

M.A. History, I Semester Examination - December - 2017

Paper : MAHS104CCT : Modern World-1

پرچہ : جدید دنیا۔ا

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) یورپ کے اس ملک کا نام بتائیے جس نے پہلی مرتبہ ہندوستان سے بحری تجارت کی شروعات کی۔

(ii) بھاپ انجن پہلے کس نے ایجاد کیا؟

(iii) (Das Capital) کس نے لکھی؟

(iv) بسمارک (Bismarck) کہاں کا تھا؟

(v) روشن خیالی کی تحریک کس ملک میں شروع ہوئی؟

(vi) آزادی، مساوات اور بھائی چارگی کن لوگوں کا نعرہ تھا؟

(vii) نپولین (Napoleon) کس حکمراں خاندان سے تعلق رکھتا تھا؟

(viii) پٹرارک (Petrarch) کس چیز کے لیے اٹلی میں مشہور تھا؟

(ix) واٹرلو جنگ (Battle of Waterloo) کب ہوا؟

(x) مارٹین لوتھر (Martin Luther) کی تحریک کس نوعیت کی تھی؟

حصہ دوم

(2) یورپ میں غیر جمہوری عمل (Absolutism) کن وجوہات کی بناء پر فروغ پایا؟

(3) یورپ میں جمہوری عمل اور آئینی دستور سازی کا خلاصہ کیجیے۔

(4) امریکی انقلاب کے وجوہات کا مختصر خاکہ کھینچئے۔

(5) نپولین (Napoleon) کس طرح فرانس کا بادشاہ بنا ؟

(6) بالکن جنگوں (Balkan Wars) کے اسباب پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(7) اٹلی کے اتحاد پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

(8) اشتراکیت (Socialism) کے نظریہ کا خلاصہ کیجیے۔

(9) ابتدائی نوآبادیات (Early Colonialism) کا خلاصہ کیجیے۔

حصہ سوم

(10) ابتدائی جدید یورپ کے اہم نشانیوں کا جائزہ لیں۔

(11) یورپ میں نشاۃ ثانیہ کا آغاز علم و ادب سے ہوا۔ وضاحتاً بیان کریں۔

(12) صنعتی انقلاب کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(13) انقلاب فرانس کے وجوہات کا ایک تفصیلی خاکہ کھینچیے۔

(14) جرمنی کا اتحاد کیسے اور کیونکر ممکن ہوا۔ تفصیل سے بیان کریں۔

☆☆☆